PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پی سی بی نے آئی سی سی پینلز کے لئے میچ آفیشلز نامزد کر دیئے

لاہور،5اکتوبر 2020ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے سیزن 21-2020 کے لیے آئی سی سی پینلز کے لیے اپنے میچ آفیشلز نامزد کر دیئے ہیں۔

پی سی بی نے سابق ٹیسٹ کرکٹر علی نقوی اور پروفیسر جاوید ملک کو آئی سی سی پینل برائے انٹرنیشنل میچ ریفریز جبکہ احسن رضا، آصف یعقوب، راشد ریاض وقار اور شوزب رضا کو بطور آئی سی سی انٹرنیشنل پینل برائے امپائرز کے لیے نامزد کردیاہے۔

علی نقوی کو پروفیسر محمد انیس کی جگہ انٹرنیشنل پینل میں شامل کیا گیاہے۔ محمد انیس نے نومبر 2017 میں اسکاٹ لینڈ اور پپوانیو گنی کے درمیان دبئی میں کھیلے گئے دو ایک روزہ میچوں میں میچ ریفری کے فرائض انجام دیئے تھے۔

43سالہ علی نقوی نے پانچ ٹیسٹ میچوں میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے 242رنزاسکور کیے تھے۔ جنوبی افریقہ کے خلاف ڈیبیو کرنے والے علی نقوی نے 115رنز کی اننگز کھیلی تھی۔ وہ 2015 میں ریٹائر ہوئے تو 115 فرسٹ کلاس میچوں پر مشتمل ان کے کیریئر میں 5881رنز شامل تھے۔

سال 2014 میں جونیئر سلیکشن کمیٹی کے رکن بننے والے علی نقوی نے سیزن 17-2016 میں پی سی بی پینل آف میچ ریفریز کو جوائن کیااور سیزن 19-2018 میں ایلیٹ پینل میں ترقی پائی۔ علی نقوی اس وقت میچ آفیشلز کے نمائندے کی حیثیت سے پی سی بی کی کرکٹ کمیٹی کا حصہ ہیں۔

بلال قریشی، منیجر امپائرز اینڈ ریفریز:

منیجر امپائرز اور ریفریز بلال قریشی کا کہنا ہے کہ وہ آئی سی سی پینل برائے انٹرنیشنل میچ ریفریز میں ترقی پانے پر علی نقوی کو مبارکباد دیتے ہیں، اپنی کارکردگی کی بدولت وہ اس ترقی کے مستحق تھے۔

انہوں نے کہا کہ علی نقوی کے پاس قواعد وضوابط کا وسیع علم ہے اور ہمارے ڈومیسٹک نظام میں انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، ایک سابق کرکٹر کی حیثیت سے علی نقوی پروفیشنل کرکٹرز کے مائنڈسیٹ سے بھی اچھی طرح واقف ہیں۔

بلال قریشی کا کہنا ہے کہ پی سی بی اپنی حکمت عملی کے تحت سابق کھلاڑیوں کے میچ آفیشلز بننے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری رکھے گا، اس سے نہ صرف وہ کھیل سے منسلک رہیں گے بلکہ انہیں ایک نئے کیریئر کے لیے واضح راستہ بھی میسر آئے گا۔

منیجر امپائرز اینڈ ریفریز کا مزید کہنا تھا کہ جتنے زیادہ سابق کھلاڑی اس پیشہ سے منسلک ہوں گے، پاکستان کے لیے آئی سی سی کے ایلیٹ پینل میں نمائندگی کے اتنے ہی زیادہ مواقع پیدا ہوں گے، فی الحال صرف علیم ڈار ہی آئی سی سی کے ایلیٹ پینل میں شامل واحد پاکستانی ہیں جبکہ آخری مرتبہ وسیم راجہ 2004 میں میچ ریفری کی حیثیت سے اس کٹیگری کا حصہ بنے تھے۔

بلال قریشی کا کہنا ہے کہ وہ انٹرنیشنل پینل میں پاکستان کی خدمت کرنے والے محمد انیس کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محمد انیس اب بھی بہت باصلاحیت ہیں اور انہیں یقین ہے کہ نئی نسل محمد انیس کے تجربے سے بہت کچھ سیکھے گی۔

آئی سی سی انٹرنیشنل پینل برائے امپائرز: احسن رضا، راشد ریاض وقار، آصف یعقوب اور شوزب رضا

آئی سی سی انٹرنیشنل پینل برائے میچ ریفریز: علی نقوی اور پروفیسر جاوید ملک

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS

Partners

pepsi
easypaisa
SABROSO THE CHICKEN SPECIALIST
Lifebuoy

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4